Khyber Pakhtunkhwa Information Commission
Government of Khyber Pakhtunkhwa
7th Floor, Tasneem Plaza, Near Benevolent Fund Building,
6-Saddar Road, Peshawar Cantt, Khyber Pakhtunkhwa
0800-57784 +92 (091) 9212643 +92 (091) 9211163
kprti.gov.pk info.kprti@kp.gov.pk /KPRTI /KP_RTI

Role & Responsibilities of Secretaries VC/NC as PIO under the KP RTI Act, 2013

The Provincial Government notified the Secretaries of all Village/Neighborhood councils of Khyber Pakhtunkhwa as Public Information Officers (PIOs) for the purpose of KP RTI Act 2013, vide notification No. *SOG/LG/7-1/Misc:2017/Vol-V* dated 26th December, 2017 of Local Government department.

As PIO the Secretary VC/NC has therefore, been assigned the following responsibilities:-

1. To act as a focal person for the receipt and processing of information requests of citizens in accordance with the Law.
2. Providing assistance to requesters, including by writing down oral requests, as needed.
3. Providing information to a requester, within 10 days (which may be extended to 20 working days in exceptional cases) or give reason to the requester as to why the information cannot be provided.
4. Developing internal procedures for processing requests on need basis.
5. Where a pubic body does not hold information or records which are responsive to a request, and it is aware of another public body which does hold information, it shall forward the request to that public body, and it shall inform the requester accordingly.
6. Ensure that the information indicated in section 5 of the KP RTI Act, 2013 is published proactively by the office of VC/NC using all available means i.e. notice boards and internet etc.
7. Ensure that public record is properly maintained in the office so that it is quickly retrieved for responding to information requests.
8. Report annually to the Information Commission on requests received and how they were processed in accordance with the Act.

Chief Information Commissioner
Khyber Pakhtunkhwa Information Commission
Government of Khyber Pakhtunkhwa

خیبر پختونخوا انفارمیشن کمیشن حکومت خیبر پختونخوا
ساتویں منزل، تسنیم پلازہ، نزد بنوولنٹ فنڈ بلڈنگ، 6-صدر روڈ، پشاور کینٹ۔
0800-57784 +92 (091) 9212643 +92 (091) 9211163
kprti.gov.pk info.kprti@kp.gov.pk /KPRTI /KP_RTI

خیبر پختونخوا معلومات تک رسائی کے قانون 2013ء کے تحت سیکرٹری دیہی / محلہ کونسل کے بطور پبلک انفارمیشن افسر کردار اور ذمہ داریاں

صوبائی حکومت نے محکمہ مقامی حکومت نوٹیفیکیشن نمبر SOG/LG/7-1/Misc:2017/Vol-V، بتاریخ 26 دسمبر 2017ء کے ذریعے خیبر پختونخوا معلومات تک رسائی کے قانون 2013ء کے تحت صوبے کے تمام سیکریٹریز دیہی / محلہ کونسلز کو بطورِ پبلک انفارمیشن افسران (PIOs) مشتہر کیا۔

بطورِ PIO سیکریٹری دیہی / محلہ کونسل کو درج ذیل ذمہ داریاں حوالے کی گئیں ہیں:

1. وہ شہریوں کی طرف سے معلومات کے حصول کے لئے درخواستیں وصول کرنے اور ان پر قانون کے مطابق کاروائی کرنے کے لئے فوکل پرسن یا ذمہ دار فرد کے طور پر کام کرے گا۔
2. وہ درخواست گزاروں کو معلومات کے حصول کے سلسلے میں مدد و تعاون بشمول زبانی درخواستوں کو حسبِ ضرورت تحریری شکل دینے کی سہولت فراہم کرے گا۔
3. وہ درخواست گزار کو مطلوبہ معلومات دس (10) دن کے اندر فراہم کرے گا (جسے بعض حالات میں بیس (20) ایام کار working days تک بڑھایا جاسکتا ہے) یا درخواست گزار کو معلومات فراہم نہ کرنے کی وجہ بتائے گا۔
4. وہ معلومات کی فراہمی کے لئے دی جانے والی درخواستوں پر عمل درآمد کرنے کے لئے حسبِ ضرورت اندرونی طریقہ کار وضع کرے گا۔
5. جہاں ایک سرکاری ادارے کے پاس مطلوبہ معلومات یا ریکارڈ دستیاب نہ ہو اور اُس کے علم میں ہو کہ کسی دوسرے سرکاری ادارے کے پاس یہ معلومات موجود ہیں، تو ایسی صورت میں وہ درخواست متعلقہ سرکاری ادارے کو ارسال کرے گا اور درخواست گزار کو اس بارے میں آگاہ کرے گا۔
6. اس بات کو یقینی بنائے گا کہ خیبر پختونخوا معلومات تک رسائی کے قانون 2013ء کے سیکشن 5 کے مطابق دیہی / محلہ کونسل کے دفتر میں موجود معلومات از خود افشاء کرنے کے لئے تمام دستیاب وسائل یعنی نوٹس بورڈ اور انٹرنیٹ وغیرہ، بروئے کار لائے جائیں۔
7. اس بات کو یقینی بنائے گا کہ دیہی / محلہ کونسل کے دفتر میں سرکاری ریکارڈ کو مناسب انداز سے مرتب کرے تاکہ بوقتِ ضرورت معلومات کے حصول کے لئے دی جانے والی درخواستوں پر بلا تاخیر کاروائی کی جاسکے۔
8. انفارمیشن کمیشن کو سالانہ رپورٹ فراہم کرے گا کہ کتنی درخواستیں وصول کی گئیں اور اُن پر قانون کے مطابق کیسے عمل درآمد کیا گیا۔

چیف انفارمیشن کمیشنر
خیبر پختونخوا انفارمیشن کمیشن
حکومتِ خیبر پختونخوا